# Prime Minister Narendra Modi holds telephone conversation with H.E. Mr. Pedro Sánchez, Prime Minister of Spain

February 15, 2023

# وزیر اعظم نریندر مودی نےاسپین کے وزیر اعظم عزت مآب جناب پیڈرو سانچیز، کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی

فروری 2023 15

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج اسپین کے وزیر اعظم عزت مآب مسٹر پیڈرو سانچیز کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔

دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے متعدد دوطرفہ اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے جاری دو طرفہ اقدامات کا جائزہ لیا اور حالیہ اعلیٰ سطحی تبادلوں اور دفاعی، اقتصادی اور تجارتی شعبوں میں بڑھتے ہوئے تعاون پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے طور طریقوں، صاف توانائی کی منتقلی اور پائیدار ترقی جیسے مسائل پر تعاون کرنے پر اتفاق کیا۔

وزیر اعظم مودی نے اپنے ہسپانوی ہم منصب کو جی-20 صدارت کے لیے ہندوستان کی ترجیحات کے بارے میں آگاہ کیا جس کا مقصد واسدھئیوا کٹمبکم (ایک زمین، ایک خاندان، ایک مستقبل) کے موضوع پر مبنی اتحاد کو فروغ دینے کے لیے کام کرنا ہے۔ وزیر اعظم سانچیز نے جی-20 صدارت کے تحت ہندوستان کے اقدامات کی مکمل حمایت کی۔

دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے کے ساتھ رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

فروری 2023 15

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.